نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

8 اپریل 2011ء

برائے فوری اجراء

076/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سینٹرل کمانڈ کے کمانڈر کا دورۂ پاکستان

اسلام آباد (8 اپریل 2011ء) ___ امریکی سینٹرل کمانڈ کے کمانڈر جنرل جیمز میٹیس نے پاکستان کی فوجی قیادت سے مشاورت کیلئے پاکستان کا دورہ کیا۔

اپنے دورے کے دوران، جنرل میٹیس نے چیف آف آرمی سٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل خالد وائیں سے ملاقاتیں کیں۔ اُنھوں نے علاقائی سلامتی سے متعلق امور بشمول اتحادی افوج کی افغانستان میں کاوشوں اور پاکستان میں دفاعی امور کے نمائندے کی جانب سے سلامتی سے متعلق معاملات میں اعانت پر تبادلہ خیال کیا۔ جنرل میٹیس اور جنرل کیانی نے مشترکہ چیلنجوں کا مل کر مقابلہ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

جنرل میٹیس نے اپنے دورے کے دوران نئے ناظم الامور رچرڈ ہوگلینڈ اور سفارتخانے کے عملے سے بھی ملاقات کی۔

بطور کمانڈر سینٹرل کمانڈ، گزشتہ آٹھ ماہ کے دوران جنرل میٹیس کا پاکستان کا یہ تیسرا دورہ ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔